سوال

(287) میت (مسلم ہے یا ہندو) کا پتا نہ لگنے کی صورت میں نمازِ جنازہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مکان میں آگ لگ جانے سے اتفاقی طور پر دو مرد ہندو اور مسلمان اکھٹا اس طرح جل گئے کہ ان کی نعشوں میں بالکل امتیاز باقی نہ رہا۔ اب مسلمان پر نماز جنازہ کس طرح ادا کی جائے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

دونوں نعشیں سامنے رکھی جائیں لیکن نیت کی جائے مسلمان کی نعش پر نماز جنازہ ادا کرنے اور اس کے لیے دعاء وسفارض کرنے کی کما أن السنة إذا مر الرجل بمجلس فيه مسلم وكافر، وبمجلس فيه أهل السنة والبدعة، وبمجلس فيه عدول وظلمة، أن يسلم بلفظ التعميم ويقصد به المسلم وأهل السنة ووالعدول، لحديث أسامة بن زيد في قصة عبد الله بن أبي المروي في الصحيحن

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 1۔ کتاب الجنائز

صفحہ نمبر 450

محدث فتویٰ